نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

13اکتوبر 2010ء

برائے فوری اجراء

578/2010

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے سندھ کے خاندانوں کیلئے 371 ملین روپے امداد

اسلام آباد(13 اکتوبر 2010 ء)__ امریکہ نے گزشتہ روز اعلان کیا ہے کہ وہ صوبہ سندھ کے جنوبی علاقوں میں سیلاب سے بے گھر ہونے والے خاندانوں کیلئے 371 ملین روپے (4.3 ملین ڈالر) سے زائد کی اعانت فراہم کر رہا ہے۔ یہ امداد انسانی بنیاد پر دی جانے والی 380 ملین ڈالر مالیت کی اُس رقم کا حصہ ہے جو امریکہ پاکستانی عوام کیلئے فراہم کر رہا ہے۔

امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کا بیرونی ممالک کو قدرتی آفات کے دوران امداد فراہم کرنے والا شعبہ (یو ایس ایڈ/او ایف ڈی اے) صوبہ سندھ کے جنوبی اضلاع ٹھٹھہ اور دادو میں تقریباً 8,000 متاثرہ خاندانوں کی ہنگامی اور جلد بحالی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے یہ رقم فراہم کر رہا ہے۔ یو ایس ایڈ کا ایک اشتراک کار اس امداد کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی، عوامی بیت الخلاؤں کی تعمیر اور عارضی رہائشگاہوں کیلئے چھتوں کا سامان مہیا کرنے کیلئے استعمال کرے گا۔ سیلاب کا پانی اترنے پر یہ رقم 5,000 لوگوں کو ملبہ صاف کرنے کیلئے ہتھ گاڑیوں، کدالوں اور دیگر آلات کی فراہمی سمیت کام کر کے پیسہ کمانے کے مواقع بھی مہیا کرے گی۔

امریکہ نے حلال کھانوں، تیار شدہ فولادی پُلوں اور دوسرے بنیادی ڈھانچوں کی فراہمی کی شکل میں دیگر فوجی اور غیر فوجی ساز و سامان بھی مہیا کیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ سامان کی فضائی منتقلی اور لوگوں کو محفوظ مقامات پر لے جانے کے عمل میں بھی معاونت کی ہے جس پر 68 ملین ڈالر سے زائد کی لاگت آئی ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3